Maulana Azad National Urdu University

M.A. (History) III Semester Examination - December - 2018

Paper : MAHS302CCT : Modern India (1858-1964)

پرچہ :

Time : 3 hrs   Marks : 70

644

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ہندوستان میں پہلی ریلوے لائن کب اور کہاں سے کہاں تک بچھائی گئی۔

(ii) برطانوی دورِ حکومت میں بازارکاری کے تحت جن فصلوں کو بیرونی ملک میں فروخت کیا جاتا تھا۔ان میں سے کسی تین کا نام بتائیں۔

(iii) قحط سالی کمیشن (Famine Commission) کب تشکیل ہوا۔

(iv) ہندوستان میں کس چیز کی فیکٹری سب سے پہلے قائم ہوئی۔

(v) انجمن خواتین اسلام کب قائم ہوئی۔

(vi) سرسید احمد خان کی تفسیر کا نام بتائیں۔

(vii) آریہ سماج کی بنیاد کب اور کس نے رکھی۔

(viii) ہندوستان میں چاندی کے سکے ڈھالنے والی ٹکسالیں عام لوگوں کے لیے کب بند ہوئیں۔

(ix) ہوم چارجس سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

(x) ہندوستان میں شائع ہونے والے پہلے انگریزی اخبار کا نام بتائیں۔

حصہ دوم

(2) ریلوے کی تعمیر اور اس کے مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

(3) 1857ء کے بعد ہندوستان کی بیرونی تجارت میں کیا تبدیلیاں ہوئیں۔ بحث کریں۔

(4) نوآبادیاتی دور میں عورتوں کے حقوق کی جدوجہد اور عورتوں کی تنظیم کے بارے میں مختصر لکھیں۔

(5) نوآبادیاتی ہندوستان میں تعلیم اور اس کی نوعیت پر ایک نوٹ لکھیں۔

(6) برطانوی دورِ حکومت میں قحط سالی کے اسباب پر مختصراً بحث کریں۔

(7) 1857ء کے بعد برطانوی حکومت اور ہندوستانی نواب اور رجواڑوں کے درمیان تعلقات کی نوعیت میں کیا تبدیلی آئی۔ مختصراً بیان کریں۔

(8) آریہ سماج اور اس کی تعلیمات پر ایک مختصر مضمون لکھیں۔

(9) برطانوی دورِ حکومت میں زرکی پالیسی (Monetary Policy) پر ایک نوٹ لکھیں۔

حصہ سوم

(10) 1857ء کے بعد انگریزی حکومت کے انتظامی ڈھانچے میں کیا تبدیلیاں ہوئیں؟ بحث کریں۔

(11) فصلوں کی بازارکاری پر ایک تفصیلی مضمون تحریر کریں۔

(12) ہندوستان میں صنعتوں کی ترقی پر روشنی ڈالیں۔

(13) سرسید کی اصلاحی اور سماجی خدمات کا تجزیہ کریں۔

(14) برطانوی دور میں پریس کی ترقی اور اس کی خدمات کا جائزہ لیں۔

☆☆☆